# ساہتیہ اکیڈمی میں بچوں کے لیے تخلیقی تحریر پر ورکشاپ کا انعقاد جون میں

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے ۳؍جون ۲۰۲۴ء سے ۷؍جون ۲۰۲۴ء تک ساہتیہ اکیڈمی رابندر بھون، نئی دہلی میں بچوں کے لیے ہندی اور انگریزی میں تخلیقی تحریر پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا جائے گا۔ یہ اس ورکشاپ کا پانچواں ایڈیشن ہے جس کا عنوان 'قصہ وقلم: بولتی قلم' ہے۔ جبکہ ورکشاپ کی تھیم خواہش، خواب، ایجاد: تخیل اور تخلیقی تحریر ہے۔ اس ورکشاپ میں ۹؍سے ۱۶؍سال کی عمر کے بچے حصہ لے سکتے ہیں۔ ساہتیہ اکیڈمی کے سکریٹری کے سرینواس راؤ نے بتایا کہ پہلی بار مذکورہ ورکشاپ کا انعقاد اکیڈمی نے مئی ۲۰۱۷ء میں کیا تھا اور اب تک ۴؍ورکشاپس کا انعقاد کامیابی سے کیا جا چکا ہے۔ ہماری نوجوان نسل کو اپنی زبانوں اور ادب کے تئیں بیدار کرنے کے لیے اکیڈمی کی طرف سے یہ اپنی نوعیت کا ایک منفرد اقدام ہے۔ یہ ۵؍روزہ ورکشاپ بچوں کو پڑھنے، لکھنے اور زبان سے لطف اندوز ہونے اور کتابیں تخلیق کرنے میں ان کی مدد کرنے کی ایک کوشش ہے۔ ورکشاپ کے بارے میں مزید معلومات ساہتیہ اکیڈمی کی ویب سائٹ پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔